اُردو (لازمی)	(معروضی طرز)	ماڈل پیپر (سالِ دوم)	وقت: 20 منٹ	کل نمبر: 20

سوال 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔ (20=20 x 1)

نمبر شمار	سوالات	(A)	(B)	(C)	(D)
i	پہلی جنگِ عظیم میں انگریز کا مقابلہ ہوا:	برطانیہ سے	ہندوستان سے	ترکی سے	جرمنی سے
ii	مسلمانوں نے ہجرت کی مکہ مکرمہ سے:	عراق کی طرف	حبشہ کی طرف	یمن کی طرف	شام کی طرف
iii	نانا جی نے بقرعید پر ماں جی کو عیدی دی:	گیارہ پیسے	بارہ پیسے	دو آنے	تین آنے
iv	مصنف کو کافی میں بُو آتی ہے:	نسوار کی	چائے کی	سگریٹ کی	سگار کی
v	سہراب کی موت کا سبب تھا:	رستم کی تلوار	پہچان نہ ہونا	سازش	بیماری

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

vi	وہ گھوڑا گاڑی کس.....ہے؟	کا	کی	کے	کو
vii	روزنامہ ''جنگ'' دل چسپی سے -----	پڑھی جاتی ہے	پڑھا جاتا ہے	پڑھی جاتی ہیں	پڑھے جاتے ہیں
viii	----- مجھے بخار تھا، اس لیے کالج نہ آسکا:	اگر	مگر	چوں کہ	اگرچہ
ix	اس نے میرا قلم ہی نہیں چُرایا---جھوٹ بھی بولا:	لیکن	کیوں کہ	جب کہ	بلکہ
x	اس کا گھر بار، دکانیں اور زمین سب کچھ-----	پک گیا	پک گئے	پک گئیں	پک گئی

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے:

xi	جملہ معترضہ کے آغاز اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے:	'' ''	!	/	( )
xii	مختصر ترین ٹھہراؤ کو کہتے ہیں:	وقفہ	سکتہ	رابطہ	ختمہ
xiii	جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال کی جاتی ہے:	،	؟	!	( )
xiv	توسین کی علامت ہے:	'' ''	( )	!	؟
xv	رموزِ اوقاف دراصل ہیں:	واقعات	علامات	الفاظ	حکایات

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، درست جواب منتخب کیجیے:

نمبر شمار	امدادی فعل	(A)	(B)	(C)	(D)
xvi	چاہنا	اس نے وہی کیا جو چاہا۔	کھانا آیا چاہتا ہے۔	مجھے انصاف چاہیے۔	آپ چاہتے کیا ہیں؟
xvii	ڈالنا	اس نے ڈول پانی میں ڈالا۔	دودھ بالٹی میں ڈال دو۔	پھول کی پتیاں ڈالتے جاؤ۔	جودل میں ہے ابھی سے کہ ڈالو۔
xviii	چکنا	اس کا حساب چُکا دو۔	مَیں خط لکھ چکا ہوں۔	دہی کو ذرا چکھنا۔	ہونہار بِروا کے چکنے چکنے پات
xix	ہونا	تم عجیب آدمی ہو۔	تم کہاں ہو؟	سب خاموش ہو جائیں۔	یہ تمام واقعہ میرا سنا ہوا ہے۔
xx	رہنا	وُہ یہاں رہتا ہے۔	تم کہاں رہ گئے؟	وُہ کہاں رہا؟	وہ اکثر یہاں آتا رہتا ہے۔

PECTAA

For more information, visit ilmroshan.com

اُردو (لازمی)	(انشائی طرز)	ماڈل پیپر (سالِ دوم)	وقت: 2:40 گھنٹے	کل نمبر: 80

سوال 2: (الف) درج ذیل نظمیہ اجزا میں سے کسی ایک جُز کی آسان تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10=1+1+8)

جو اُن کے جادۂ رحمت سے منحرف ہو جائیں		زمانے اُن کو کبھی محترم نہیں کرتے
میسّر آتی ہے جن کو دُرود کی توفیق		کسی بھی حال میں ہوں کوئی غم نہیں کرتے

یا

یونہی ہمیشہ اُلجھتی رہی ہے ظلم سے خلق		نہ اُن کی رسم نئی ہے نہ اپنی رِیت نئی
یونہی ہمیشہ کھلائے ہیں ہم نے آگ میں پھول		نہ اُن کی ہار نئی ہے نہ اپنی جیت نئی

(ب) درج ذیل غزلیہ اجزا میں سے کسی ایک جز کے ہر شعر کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: (10=1+3+3+3)

سب کہاں کچھ لالہ و گُل میں نمایاں ہو گئیں		خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں
یاد تھیں ہم کو بھی رنگا رنگ بزم آرائیاں		لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہو گئیں
رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج		مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہو گئیں

یا

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں		ابھی عشق کے اِمتحاں اور بھی ہیں
تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں		یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں
قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بُو پر		چمن اور بھی آشیاں اور بھی ہیں

سوال 3: سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی لکھیے: (15=1+1+3+10)

(الف) کافی امریکا کا قومی مشروب ہے۔ میں اس بحث میں نہیں اُلجھنا چاہتا کہ امریکی کلچر کافی کے زور سے پھیلا یا کافی کلچر کے زور سے رائج ہوئی۔ یہ بعینہٖ ایسا سوال ہے جیسے کوئی بے ادب یہ پوچھ بیٹھے کہ ''غبارِ خاطر'' چائے کی وجہ سے مقبول ہوئی یا چائے ''غبارِ خاطر'' کے باعث؟ ایک صاحب نے مجھے لاجواب کرنے کی خاطر یہ دلیل پیش کی، امریکا میں تو کافی اس قدر عام ہے کہ جیل میں بھی پلائی جاتی ہے۔ عرض کیا کہ جب خود قیدی اس پر احتجاج نہیں کرتے تو ہمیں کیا پڑی کہ وکالت کریں۔

(ب) میں نے ایک اور روشن مینار بھی دیکھا ہے۔ پہلے تو یہ میرے ذہن میں نقشے پر لگے ہوئے ایک نقطے کی صورت میں محفوظ رہا اور پھر ایک دن آنکھیں جھپکیں تو وہ نقطہ مینار بن چکا تھا۔ ایشیا کے نقشے پر نظر ڈالیں تو سائبیریا سے لنکا تک خشکی نظر آتی ہے۔ لنکا کے جزیرے کی شکل نقشے میں دیکھی تو گمان گزرا جیسے قدرت کی آنکھوں سے خشکی کا آخری قطرہ ٹپک کر سمندر میں گر پڑا ہو۔ اس جزیرے کی جنوبی حد ہمارے نقشے میں زمین کی آخری حد تھی۔ سکول کے طالب علم نے سوچا کہ خشکی کی اس حدِ آخر پر کھڑا ہو کر اگر یہ کہیں کہ ایشیا میرے قدموں میں سائبیریا تک پھیلا ہوا ہے تو یہ بات جغرافیے کی رُو سے درست اور تاریخ کی رُو سے نادرست ہوگی۔

PESTAA

For more information, visit ilmroshan.com

سوال 4: کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (10=1+9)

(الف) ماں جی

(ب) نظریۂ پاکستان

سوال 5: کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: (5=1+4)

(الف) اِنسانِ کامل ؐ کی برکات

(ب) مَیں روزے سے ہوں

سوال 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (20)

(الف) پاکستان چین اقتصادی راہداری

(ب) تعمیرِ وطن میں طلبہ کا کردار

(ج) قدرتی آفات

سوال 7: چچا جان کے نام خط لکھیں جس میں تحفہ ملنے پر شکریہ ادا کیا گیا ہو۔ (10)

یا

ایک پھول کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔



PECTAA

For more information, visit ilmroshan.com